10-06-2025

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں .................................شگفتہ یاسمین

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

---

1 Axiom-4 مشن کے لانچ کو خراب موسم کی وجہ سے کل تک کیلئے ملتوی کردیاگیاہے۔اس کے ذریعہ بھارت کے خلاباز شبھانشو شکلا خلا میں جائیں گے۔

2 بھارتی بحریہ نے سنگاپور کے پرچم بردار Containerبحری جہاز MV Wan Hai 503میں زبردست آگ لگنے کے واقعے میں عملے کے 18 اہلکاروں کو بچالیاہے جبکہ چار لاپتہ ہیں۔

3 لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا نے کہاہے کہ بھارت کے نوجوان تیزی کے ساتھ ملازمت کے خواہشمند ہونے کے بجائے ملازمت دینے والے بن رہے ہیں اور اِس کایاپلٹ میں IITادارے اہم رول ادا کررہے ہیں۔

4 مرکزی سرکار نے سیمی کنڈکٹر اور الیکٹرانکس مینوفیکچرنگ کو بڑھاوا دینے کی خاطر خصوصی اقتصادی زون سے متعلق اصلاحات کو نوٹیفائی کیاہے۔

5 سرکردہ بھارتی کرکٹر ایم ایس دھونی کو پروقار ICC Hall of Fame میں شامل کیاگیاہے۔

6 اورفٹبال میں آج شام 2027 کے AFC ایشیائی کپ کوالیفائرکے آخری راؤنڈ کے میچ میں بھارت کا مقابلہ ہانگ کانگ سے ہوگا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

Axiom-4

Axiom-4مشن کا لانچ خراب موسم کی وجہ سے ایک دن کیلئے ملتوی کردیا گیا ہے۔ اس کے ذریعہ بھارت کے خلاء باز شبھانشو شکلا خلاء میں جائیں گے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر اِسرو کے چیئرمین وی نارائنن نے بتایا کہ کَل شام ساڑھے پانچ بجے اس مشن کو روانہ کیا جائے گا۔

اس تاریخی مشن کے ذریعہ امریکہ، بھارت، پولینڈ اور ہنگری کے چار خلاء باز کرہئ ارض کے نچلے مدار میں 14 دن کے سائنسی مشن کیلئے بین الاقوامی خلائی اسٹیشن جائیں گے۔ یہ خلاء

باز اِسرو کے کئی اہم تحقیقی پروجیکٹوں سمیت 31 ملکوں کے تقریباً 60 سائنسی مطالعات کی روشنی میں کام کریں گے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔

V-C Joy

عملے کے ارکان SpaceX میں سوار ہوکر جائیں گے، جسے Falcon 9 راکٹ کے ذریعہ چھوڑا جائے گا۔ اِسے Cape Canaveral کے Kennedy خلائی مرکز سے چھوڑا جائے گا۔ اِس اسپیس کرافٹ کی یہ پہلی پرواز ہوگی، جبکہ Falcon 9 بوسٹر کی دوسری پرواز ہوگی۔ Falcon 9 راکٹ کے پہلے مرحلے میں یہ زمین پر واپس آجائے گا اور فلوریڈا میں لینڈنگ زون ایک پر اُترے گا۔ Axiom اسپیس کی طرف سے جاری کئے گئے ویڈیو میں شبھانشو شکلا نے کہا ہے کہ وہ اپنے آپ کو بہت خوش قسمت مانتے ہیں کہ انہیں اتنے بڑے مشن میں شامل ہونے کا موقع مل رہا ہے۔ مذکورہ مشن کا مقصد موجودہ خلائی تحقیق اور مستقبل کے طویل مدتی خلائی مشنوں دونوں کو تقویت پہنچانا ہے۔

اس کے علاوہ مدار میں حاصل کئے گئے ڈیٹا کے ذریعہ کرہئ ارض پر مبنی مطالعات میں سہولت پیدا کرنا ہے۔

Joyکی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں شمیم عرفان

Navy-Rescue Operation

بھارتی بحریہ نے کوسٹ گارڈ کے ساتھ قریبی تال میل میں تلاش اور بچاؤ کی کارروائی انجام دیتے ہوئے سنگاپور کے پرچم بردار بحری جہاز MV Wan Hai 503 کے عملے کے 22 اہلکاروں میں سے 18 کو بچالیا ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ اس بحری جہاز کے ایک اندرونی Containarمیں دھماکہ ہونے کے بعد اِس میں زبردست آگ لگ گئی تھی۔ بھارتی بحریہ نے بتایا ہے کہ کل صبح ساڑھے نو بجے کے آس پاس اِس واقعے کے بارے میں اطلاع موصول ہوئی۔ بھارتی بحریہ نے ضروری امداد بہم پہنچانے کی خاطر INS سورت اور Dornier طیارے کو فوراً ہی کام پر لگادیا۔×

Birla-IIT

لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا نے کہا ہے کہ بھارت اپنے نوجوانوں کی صلاحیت اور تکنیکی اختراع کی بدولت موجودہ چیلنجوں سے نمٹنے میں ایک سرکردہ ملک کے طور پر اُبھررہا ہے۔ IITجودھپور میں اظہار خیال کرتے ہوئے جناب برلا نے سماجی، معاشی اور تکنیکی ترقی میں بھارت کے نوجوانوں کے اہم رول کی ستائش کی۔ ملک کی ترقی کو نئی شکل دینے میں بھارتی نوجوانوں کے اہم رول کو اُجاگر کرتے ہوئے جناب برلا نے اُن پر زور دیا کہ وہ ملک کی بہبود اور بہتری کیلئے جدید طرز کی ٹیکنالوجی کو بروئے کار لانے کا سلسلہ جاری رکھیں۔

جناب اوم برلا نے کہا کہ بھارت کے نوجوان اب تیزی کے ساتھ ملازمت کے خواہشمند ہونے کی بجائے ملازمت دینے والے بن رہے ہیں اور اِس کایا پلٹ میں IIT ادارے اہم رول ادا کررہے ہیں۔

Byte: Om Birla IIT

جناب اوم برلا نے مزید کہا کہ عالمی سطح پر ہُنرمند اور اختراعی بھارتی نوجوانوں کی مانگ بڑھنے سے اس بات کی عکاسی ہوتی ہے کہ اُن کی ہنرمندی اور صلاحیت کو تسلیم کیا جارہا ہے۔ جناب برلا نے اُن کی اس بات کیلئے حوصلہ افزائی کی کہ وہ ایک وکست بھارت کی سمت سفر میں سرگرم رول ادا کریں۔×

Centre SEZ

مرکزی سرکار نے خصوصی اقتصادی زونس کیلئے کئی پالیسی رعایتوں کا اعلان کیاہے۔ اس کا مقصد اعلیٰ تکنیک کی مینوفیکچرنگ، خاص طور پر سیمی کنڈکٹرس اور الیکٹرانک آلات کے شعبے میں مینوفیکچرنگ کو بڑھاوا دینا ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگارسے

VC-

ان تبدیلیوں کا مقصد ممکنہ سرمایہ کاری کو راغب کرنا، انضباطی رکاوٹوں کو کم کرنا اور عالمی سیمی کنڈیکٹر نظام میں بھارت کی پوزیشن کو مستحکم بنانا ہے۔ ایک اہم اصلاح کے تحت خصوصی اقتصادی زون کے 2006 کے ضابطوں میں ضابطہ نمبر پانچ میں ترمیم کی گئی ہے، جس کے تحت سیمی کنڈیکٹر یا الیکٹرانکس آلات کی مینوفیکچرنگ کیلئے خصوصی اقتصادی زون کیلئے کم از کم آراضی کی ضرورت کو 50 ہیکٹیئر سے گھٹاکر 10 ہیکٹیئر کردیا گیا ہے۔اس کے علاوہ ضابطہ نمبر سات میں بھی ترمیم کی گئی ہے، تاکہ منظوری سے متعلق بورڈ کو متعلقہ آراضی مرکزی یا ریاستی سرکار یا اُن کی مجاز ایجنسیوں کو پٹّے پر دیئے جانے یا رہن رکھے جانے کے معاملوں میں رعایت دینے کی اجازت ہوگی۔

ضابطہ نمبر 18 کے تحت ایک اہم تبدیلی کی رو سے اِن شعبوں میں خصوصی اقتصادی زون یونٹس متعلقہ محصولات ادا کرنے کے بعد اندرونِ ملک محصول کی شرح پر سامان فروخت کرسکیں گے۔

Nirmala GC Meeting

خزانہ اور کارپوریٹ کے امور کی مرکزی وزیر نرملاسیتارمن نے کل نئی دلی میں نیشنل انویسٹمنٹ اینڈ انفرا سٹراکچر فنڈ لمیٹڈ NIIF کی گورننگ کونسل، جی سی کی چھٹی میٹنگ کی صدارت کی۔ میٹنگ میں وزیرخزانہ اور جی سی کے دیگر ارکان نے کارکردگی اور NIIF کے موجودہ فنڈ اور اہم ہدایت پر تبادلہ خیال کیا۔ انہوں نےNIIF کی موجودہ حکمت عملی اور مستقبل کے ویژن پر بھی تبادلہ خیال کیا۔

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Scecial Feature

ملک میں گزشتہ دہائی میں نمایاں اور قابل قدر تبدیلیاں آئی ہیں اور اس میں سیوا، Sushasan اور غریب کلیان کے اصولوں کا اہم رول رہا ہے۔ آکاشوانی نیوز مختلف اہم شعبوں میں پچھلے

گیارہ سال میں سرکار کی کوششوں کے بارے میں خصوصی فیچر پیش کررہا ہے۔ اس سلسلے کے تحت آج کا موضوع ہے: "ماحولیات کا تحفظ اور ترقی"۔

پیش ہے ایک رپورٹ

VC- Vishnu

پچھلے 10 سال میں ملک نے ترقی کا ایک ایسا ماڈل کیا گیا ہے، جو ماحولیات تحفظ کو جامع ترقی کے ساتھ مربوط کرتا ہے۔ دریاؤں کو پھر سے فعال بنانے سے لے کر ایکو سسٹم بحال کرنے اور ماحولیات کیلئے سازگار بنیادی ڈھانچہ تیار کرنے تک، ملک نے ہمدردی کے ساتھ اسے محفوظ رکھنے کے پختہ عزم کا مظاہرہ کیا ہے۔

نمامی گنگے مشن دریاؤں کو پھر سے فعال بنانے کے دنیا کے سب سے بڑے پروگراموں میں سے ایک ہے۔ اس سے پانی کی کوالٹی بہتر ہوئی ہے، حیاتیاتی تنوع میں اضافہ ہوا ہے اور گنگا کی بحالی میں مقامی شمولیت کی حوصلہ افزائی ہوئی ہے۔

اس کے علاوہ سووچھ بھارت مشن اور گوبردھن یوجنا سے صفائی ستھرائی اور فاضل مادّے اور کوڑے کچرے کے بندوبست، خاص طور پر دیہی علاقوں میں اس کام میں بڑی تبدیلی آئی ہے۔

ایک پیڑ ماں کے نام، جیسی مہم کے ذریعہ لوگوں کو ماحولیات کے تعلق سے اقدامات کرنے کیلئے شامل کیا گیا ہے۔ پورے ملک میں 142 کروڑ سے زیادہ درخت لگائے گئے ہیں۔ اس سے کاربن کو جذب کرنے اور ماحولیات بحالی میں کافی مدد ملے گی۔ بھارت نے جنگلی جانوروں کے تحفظ کے شعبے میں بھی نمایاں پیش رفت کی ہے۔ پروجیکٹ چیتا، پروجیکٹ لائن اور توسیع شدہ پروجیکٹ ٹائیگر سے اِن جانوروں کے رہنے کے ٹھکانوں پر توجہ مرکوز کی گئی ہے۔

بھارت میں سردست کم از کم 3 ہزار 682 شیر ہیں، جو دنیا میں شیروں کی کُل آبادی کا 75 فیصد سے زیادہ ہے۔

ملک میں فی الحال 91 رام سَر مقامات ہیں، جو ایشیاء میں سب سے زیادہ ہیں۔ حال ہی میں راجستھان کے دو مقامات کو اس فہرست میں شامل کیا گیا ہے۔

اس کے علاوہ بھارت کے 13 ساحلی علاقوں کو بلو فلیگ سرٹیفکٹ ملا ہے، جو کہ ایک اہم کامیابی ہے۔

نئی دلّی سے وِشنو پی ایس کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں شمیم عرفان

HM-Compensation

سرکار سرحدی علاقوں میں اُن دو ہزار 60 مکانوں کیلئے 25 کروڑ روپے دستیاب کرانے کا اضافی بندوبست کرے گی، جنہیں نقصان پہنچا ہے۔ وزیراعظم نریندر مودی نے آپریشن سندور کے بعد جموں وکشمیر کے سرحدی ضلعوں میں پاکستان کی گولہ باری میں مکانات کو نقصان پہنچنے کے تناظر میں اضافی معاوضے کے تعلق سے جو اعلان کیا تھا، اُسی کی روشنی میں یہ بندوبست کیا جارہا ہے۔

اُمور داخلہ کی وزارت نے ایک بیان میں کہا ہے کہ وزیراعظم نے ہر اُس مکان کیلئے دو لاکھ روپے کے اضافی معاوضے کا اعلان کیا تھا، جو پوری طرح تباہ ہوگیا ہے، جبکہ جُزوی طور پر نقصان پہنچنے والے مکانات کیلئے ایک-ایک لاکھ روپے کے اضافی معاوضے کا اعلان کیا تھا۔

وزارت نے اس فیصلے پر تیزی کے ساتھ عمل درآمد کو یقینی بنایا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ پنجاب کے سرحدی علاقوں میں بھی اسی طرح کا معاوضہ فراہم کیا جائے گا۔×

## Kachiguda Railway Station

کوئلے اور کانوں کے مرکزی وزیر اور تلنگانہ بی جے پی کے ریاستی صدر جی کشن ریڈی نے کل شام حیدرآباد کے Kachiguda ریلوے اسٹیشن پر عمارت کی خصوصیات کو نمایاں کرنے کیلئے لگائی گئی نئی لائٹنگ کا افتتاح کیا۔ Kachiguda Gothic طرز کی عمارت ہے جو 1916 میں نظام کے عہد میں تعمیر کی گئی تھی۔ اس تاریخی اسٹیشن کو 785 لائٹوں سے روشن کیاگیا ہے جسے وزارت سیاحت نے دو کروڑ 23 لاکھ روپے سے نصب کیاہے۔ اس موقع پر اظہارخیال کرتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ روشنیوں میں اضافے سے یومیہ مسافروں کو اسٹیشن کی فن وراثت کو بہتر طریقے سے سمجھنے میں مدد ملے گی اور شہر کے مرکزی علاقے کی Visual دلکشی میں اضافہ ہوگا۔انہوں نے یہ بھی واضح کیا کہ اسٹیشن پر گرین اینرجی کا استعمال ہوتا ہے جو ماحولیاتی پائیداری میں معاون ہے۔

امرت بھارت ریلوے اسٹیشن اسکیم کے تحت Kachiguda اسٹیشن پر 421 کروڑ سے زیادہ روپے سے تجدیدکاری کا کام جاری ہے۔

## Dhoni Hall of Fame

سرکردہ بھارتی وکٹ کیپر، بلے باز اور سابق کپتان ایم ایس دھونی کو پروقار ICC Hall of Fameمیں شامل کیاگیاہے۔ اس طرح اُن کے کرکٹ کریئر میں ایک اور شاندار باب وابستہ ہوگیاہے۔ بین الاقوامی کرکٹ کونسل نے اعلان کیاہے کہ ایم ایس دھونی اُن سات کرکٹ کھلاڑیوں میں شامل ہیں جن کی اِس سال عزت افزائی کی گئی ہے۔ اِن میں آسٹریلیا کے Matthew Haydenاور جنوبی افریقہ کے ہاشم آملہ بھی شامل ہیں۔

دھونی نے 538 میچوں میں 17 ہزار 266 رن بنائے اور 829 کھلاڑیوں کو آؤٹ کرنے میں اُن کا اہم رول رہا۔ یہ اعدادوشمار صرف عمدہ کارکردگی کی عکاسی ہی نہیں کرتے بلکہ اِس سے غیرمعمولی تسلسل، Fitnessاور طویل عرصے تک کھیلنے کا اظہار بھی ہوتا ہے۔

## Football

فٹبال میں آج ہانگ کانگ کے Kai Tak اسٹیڈیم میں 2027 کے اہم AFC ایشائی کپ کوالیفائر کے آخری دور کے میچ میں بھارت کا مقابلہ ہانگ کانگ سے ہوگا۔یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق شام ساڑھے پانچ بجے شروع ہوگا۔ گروپ سی کا یہ مقابلہ اہمیت کا حامل ہے کیونکہ چار ٹیموں کے گروپ میں دونوں ٹیمیں چوٹی کی دو ٹیموں میں شامل ہیں۔

درجہ بندی میں بھارت 127ویں مقام پر ہے۔ جبکہ ہانگ کانگ کی ٹیم 153ویں پوزیشن پر ہے۔

بھارتی ٹیم 16 سال بعد ہانگ کانگ گئی ہے۔ اس سے پہلے 2009 میں دونوں ٹیموں نے ایک دوستانہ میچ میں ایک دوسرے کا سامنا کیاتھا۔

## IMD-Weather

بھارتی موسمیات محکمے نے آج ساحلی کرناٹک، کیرالہ، ماہے، اوڈیشہ، رائل سیما، تمل ناڈو، پدوچیری اور کرائیکل نیز شمال مشرقی ریاستوں میں کہیں کہیں شدید بارش اور گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کی پیشگوئی کی ہے۔

موسمیات محکمے نے دلّی، ہریانہ، چنڈی گڑھ، جموں وکشمیر، لداخ، مدھیہ پردیش، پنجاب، راجستھان اور اترپردیش کے بعض حصوں میں آج شدید گرمی کے حالات رہنے کی پیشگوئی بھی کی ہے۔ اس کے علاوہ بہار، وسطی آندھراپردیش اور گنگا کی ترائی والے مغربی بنگال میں بھی کہیں کہیں تیز گرمی پڑنے کا امکان ہے۔×

یہ تھی خبریں

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... فہیم احمد

شکریہ -شگفتہ

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے تقریباً سبھی اردو اخبارات نے مودی حکومت کے گیارہ سال مکمل ہونے سے متعلق خبر کو شہ سرخی بنایا ہے۔

راشٹریہ سہارا نے وزیراعظم کے حوالے سے لکھا ہے ”بہتر حکمرانی سے تبدیلی آئی اور زندگی میں آسانیاں پیدا ہوئیں، بھارت بڑی معیشت کے ساتھ ایک نمایاں عالمی آواز بن گیا ہے“۔ انقلاب نے بھی اس خبر کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔ اخبار پرتاپ نے BJP صدر جے پی نڈّا کے اس بیان کو اہمیت دی ہے کہ گیارہ سال میں مودی حکومت نے جنتا کی خدمت کیلئے خود کو وقف کیا۔

ممبئی میں ٹرین سے گر کر مسافروں کی ہلاکت کے بعد، ریلوے کا خودکار دروازے لگانے کا فیصلہ۔ یہ خبر اخبار ملاپ سمیت دیگر اخباروں میں نمایاں ہے۔

کیرالہ کے ساحل پر مال بردار جہاز میں آگ لگنے کے بعد، 50 کنٹینر سمندر میں غرق، عملے کے چار افراد لاپتہ، اس خبر کو راشٹریہ نے صفحہ اول پر جگہ دی ہے۔

حصص بازار میں چوتھے روز بھی تیزی برقرار، یہ خبر بھی اخباروں میں نمایاں ہے۔

اخبارات نے امریکی شہر لاس اِنجلس میں پُرتشدد مظاہرے جاری رہنے سے متعلق خبر کو بھی اہمیت دی ہے۔ اخبارات نے غزہ کیلئے امداد لے جانے والی کشتی پر اسرائیلی فوج کے حملے کو بھی شائع کیا ہے، اس سلسلے میں اخبارات کی سرخی ہے، کشتی کو قبضے میں لے کر تمام عملے کو حراست میں لیا، عالمی برادری نے اسرائیل کے اِس اقدام کو بین الاقوامی قانون کی خلاف ورزی قرار دیا۔×

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1 Axiom-4 مشن کے لانچ کو خراب موسم کی وجہ سے کل تک کیلئے ملتوی کردیاگیاہے۔اس کے ذریعہ بھارت کے خلاباز شبھانشو شکلا خلا میں جائیں گے۔

2 بھارتی بحریہ نے سنگاپور کے پرچم بردار Containerبحری جہاز MV Wan Hai 503میں زبردست آگ لگنے کے واقعے میں عملے کے 18 اہلکاروں کو بچالیاہے جبکہ چار لاپتہ ہیں۔

3 لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا نے کہاہے کہ بھارت کے نوجوان تیزی کے ساتھ ملازمت کے خواہشمند ہونے کے بجائے ملازمت دینے والے بن رہے ہیں اور اِس کایاپلٹ میں IITادارے اہم رول ادا کررہے ہیں۔

4 مرکزی سرکار نے سیمی کنڈکٹر اور الیکٹرانکس مینوفیکچرنگ کو بڑھاوا دینے کی خاطر خصوصی اقتصادی زون سے متعلق اصلاحات کو نوٹیفائی کیاہے۔

5 سرکردہ بھارتی کرکٹر ایم ایس دھونی کو پروقار ICC Hall of Fame میں شامل کیاگیاہے۔

6اورفٹبال میں آج شام 2027 کے AFC ایشیائی کپ کوالیفائرکے آخری راؤنڈ کے میچ میں بھارت کا مقابلہ ہانگ کانگ سے ہوگا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

-------------------------------------